بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# حرفِ اوّل

شارحِ فکرِ اقبال ڈاکٹر محمد رفیع الدین مرحوم کے بارے میں یہ بات ان کے حلقۂ احباب میں شامل تمام افراد جانتے ہیں کہ 'حکمتِ قرآن' کے ساتھ مرحوم کی وابستگی اوّل روز سے تھی' بلکہ یہ وابستگی اتنی گہری اور شدید تھی کہ 'حکمتِ قرآن' کے نام کے ساتھ ڈاکٹر صاحب مرحوم کا نام قریباً لازم و ملزوم سمجھا جاتا ہے۔ مرحوم کی وفات کے بعد جناب چوہدری مظفر حسین صاحب نے' جو ڈاکٹر صاحب مرحوم کے دستِ راست تھے اور مرحوم کی حیات میں بھی 'حکمتِ قرآن' کے شعبۂ ادارت میں شامل تھے' پرچے کی مکمل ذمہ داری کو سنبھالا۔ تاہم بعد ازاں یہ پرچہ قدرے تعطل اور بے قاعدگی کا شکار ہو گیا اور بالآخر ۱۹۸۲ء میں مرکزی انجمن خدام القرآن کے صدرِ مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے اس کی ادارت سنبھالی۔ تاہم 'حکمتِ قرآن' کے صفحۂ اول پر "جاری کردہ: ڈاکٹر محمد رفیع الدین مرحوم" کے الفاظ آج تک باہتمام شائع کئے جاتے ہیں۔

حال ہی میں محترم چوہدری مظفر حسین صاحب کے ذریعے یہ بات ہمارے علم میں آئی ہے کہ اگرچہ "حکمتِ قرآن" کے روحِ رواں ڈاکٹر محمد رفیع الدین مرحوم ہی تھے لیکن اس کے جاری کنندہ وہ نہیں' چوہدری مظفر صاحب تھے۔ ہم چوہدری صاحب کے ممنون ہیں کہ انہوں نے اس واقعاتی غلطی کی جانب ہماری توجہ مبذول کرائی۔ چنانچہ زیر نظر شمارے سے ہم صفحۂ اول کے مندرجات میں ترمیم کر رہے ہیں۔ آئندہ جاری کنندہ کے طور پر چوہدری مظفر حسین صاحب کا نام درج ہو گا' تاہم حکمتِ قرآن کے ساتھ ڈاکٹر رفیع الدین مرحوم کے معنوی تعلق کے اظہار کے لئے "بیادگار ڈاکٹر محمد رفیع الدین مرحوم" کے الفاظ اہتمام کے ساتھ شائع کئے جاتے رہیں گے۔

ڈاکٹر محمد رفیع الدین مرحوم کے ایک اور قریبی ساتھی حبیب اللہ قریشی مرحوم کا ایک غیر مطبوعہ مضمون جو ہمیں محترم چوہدری مظفر صاحب نے ارسال کیا ہے' چوہدری صاحب ہی کے تعارفی نوٹ کے ساتھ زیر نظر شمارے میں شائع کیا جا رہا ہے۔

(باقی صفحہ ۹۲ پر)

© rasailojaraid.com